Blue Print

INTERMEDIATE EXAMINATION

URDU

TIME ; 3 HOURS 15 MINUTES **FULL MARKS : 100**

ہدایت۔امیدوار جہاں تک ممکن ہو جواب اپنی زبان میں لکھیں۔سبھی سوالوں کے جواب لازمی ہیں اور ہر سوال کے سامنے نمبر درج ہے۔

GROUP- A

درج ذیل معروضی سوالات کے درست جواب منتخب کریں۔ 50x1=50

(1) ''پرامس'' کیا ہے؟

(A) ناول (B) افسانہ (C) ڈرامہ (D) مثنوی

(2) غبار خاطر کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A)افسانہ (B)خودنوشت (C)مکتوب نگاری (D)انشائیہ

(3)کس صنف میں مافوق الفطری عناصر کی کارفرمائی ہوتی ہے؟

(A)ناول (B)افسانہ (C)انشائیہ (D)داستان

(4)''غالب شکن'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

(A)عمیق حنفی (B)علی سردار جعفری (C)خلیل الرحمن اعظمی (D)یگانہ چنگیزی

(5) میر امن دہلوی سے سے کون سی کتاب منسوب ہے؟

(A)نوطرز مرصع (B)گنج خوبی (C)فارسی قصہ چہار درویش (D)باغ و بہار

(6) ''باغ و بہار''میں کتنے درویشوں کے قصے بیان کئے گئے ہیں؟

(A)ایک (B)دو (C)تین (D)چار

(7)کامل انقلاب کا تصور کس نے پیش کیا؟

(A)اندرا گاندھی (B)لال بہادر شاستری (C)جواہر لعل نہرو (D)جے پرکاش نرائن

(8) نظم ''آوارہ'' کس مشہور شاعر کی تخلیق ہے۔

(A)جوش (B)مجاز (C)اقبال (D)شاد

(9) کس شاعر کو شمال اور جنوب کے درمیان ایک پل تصور کیا جاتا ہے۔

(A)میر (B)ولی (C)علی سردار جعفری (D)مومن

(10) 'دائم پڑا ہوا ترے۔۔۔۔۔۔۔۔۔پر نہیں ہوں میں'۔ مصرعے کو مکمل کریں۔

(A)گھر (B) در (C)سر (D)نوکر

(11) سودا کس حیثیت سے مشہور ہیں۔

(A)مرثیہ گو (B)قصیدہ گو (C)رباعی گو (D)داستان گو

(12) کسی کی موت پر جو نظم کہی جاتی ہے اسے کیا کہتے ہیں۔

(A)غزل (B)مثنوی (C)مرثیہ (D)قصیدہ

(13)'باغ و بہار' کا تعلق کس صنف سے ہے۔

(A)مثنوی (B)داستان (C)ناول (D)افسانہ

(14)''بھولے بسر ے گیت''کس کی تخلیق ہے۔

(A)شفیع جاوید (B)جیلانی بانو (C)وزیر آغا (D)محمد محسن

(15)' مجھے دل کی خطا پر یاس۔۔۔۔۔۔۔نہیں آتا'۔درست لفظ سے مصرعہ مکمل کیجئے۔

(A)گھبرانا (B)شرمانا (C)اترانا (D)جھلانا

(16)''برق کلیسا''کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

(A)اقبال (B)اکبرالہ آبادی (C)علی سردار جعفری (D)عمیق حنفی

(17) کس کی خواہش پر میر امن نے باغ و بہار جیسی کتاب ترجمہ کی؟

(A)نواب واجد علی شاہ (B)جان گلکرسٹ (C)رجب علی بیگ سرور (D)آصف الدولہ

(18) درج ذیل میں کون سی نظم 'عمیق حنفی' کی ہے؟

(A)متشاعر (B)میرا سفر (C)کھیتی (D)گفتگو

(19) ''کاغذی پیرہن''کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A)غالب (B) یگانہ چنگیزی (C)عمیق حنفی (D)علی سردار جعفری

(20) عطا کاکوی کا انتقال کہاں ہوا؟

(A) کاکو (B) مظفر پور (C) پٹنہ (D) گیا

(21) 'جسم' کی جمع کیا ہوگی؟

(A) جسمیں (B) جسوم (C) اجسام (D) جسیم

(22) درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے؟

(A) باغ (B) افواہ (C) بندوق (D) اذان

(23) ان میں سے کون سا لفظ مونث ہے؟

(A) بازار (B) اظہار (C) پوشاک (D) اشارہ

(24) حال کی جمع کیا ہوگی؟

(A) حالات (B) احوال (C) حالتوں (D) حالاتوں

(25) 'محل' کیا ہے؟

(A) اسم ظرف (B) اسم آلہ (C) حاصل مصدر (D) صفت

(26) درج ذیل میں 'اسم آلہ' کون ہے؟

(A) دستانہ (B) سجاوٹ (C) خوبصورت (D) کتب خانہ

(27) گھبرانا، کا حاصل مصدر کیا ہوگا؟

(A) گھبراؤ (B) گھبراہٹ (C) گھبرالو (D) گمبھیر

(28) پوچھتے ہیں وہ کہ غالب کون ہے؟۔ اس مصرعے میں 'وہ' کیا ہے؟

(A) صفت (B) موصوف (C) ضمیر (D) فاعل

(29) 'جنگ جو سپاہی' میں 'جنگ جو' کیا ہے؟

(A) اسم آلہ (B) اسم ظرف (C) صفت (D) فعل

(30) 'حامد روٹی کھا رہا ہے'۔ اس جملے میں حامد کیا ہے؟

(A) مفعول (B) فاعل (C) فعل (D) فعل ناقص

(31) 'شاہد نے یہ غزل پڑھی تھی' یہ جملہ کس زمانے سے تعلق رکھتا ہے؟

(A) حال (B) مستقبل (C) ماضی بعید (D) ماضی تمنائی

(32) 'خلوت' کی ضد کیا ہوگی؟

(A)ظاہر (B)باطن (C) جلوت (D)رحمت

(33) 'شرم' کا مترادف لفظ کیا ہوگا؟

(A)بےشرم (B)عزت (C) حیا (D)وفا

(34) 'وہ اس باغ کا نگہبان ہے'۔اس جملے میں لاحقہ کیا ہے؟

(A)نگہ (B)وہ (C) بان (D)باغ

(35)اپنا الّو سیدھا کرنا، کا مطلب کیا ہوتا ہے؟

(A)مطلب نکالنا (B)فائدہ پہنچانا (C) الو پکڑنا (D)رنجیدہ ہونا

(36) کان میں تیل ڈال کر بیٹھنا، کا مطلب ہوتا ہے۔

(A)بے پرواہونا (B)کان میں دوا ڈالنا (C) نقصان پہنچانا (D)غرور کرنا

(37) 'ایک چیز سے دہرا فایدہ اٹھانا' کس کہاوت کا مطلب ہوتا ہے؟

(A)اونٹ کے منہ میں زیرا (B)آم کے آم گٹھلیوں کے دام

(C)آدھا تیتر آدھا بٹیر (D)اونچی دکان پھیکی پکوان

(38) 'خانساماں' کا لفظ کس کے لئے استعمال ہوتا ہے؟

(A)کھانا پکانے والا ملازم (B)چیر پھاڑ کرنے والا جراح

(C) تماشہ دکھانے والا (D)محنت کرنے والا مزدور

(39) کون سا جملہ درست ہے؟

(A)احمد بولے ہے(B)احمد بولا ہیں (C) احمد نے کہا ہے (D)احمد کہی ہے

(40) 'میرے لئے ایک گلاس پانی لاؤ'۔یہ جملہ کی کون سی قسم ہے؟

(A)خبریہ (B)استعجابیہ (C) امریہ (D)سوالیہ

(41)نشان اوقاف میں 'وقفہ' کا مطلب کیا ہوتا ہے؟

(A) ٹھہراؤ (B)سکتہ (C) رابطہ (D)سوال

(42)غزل کا پہلا شعر جس میں دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔کیا کہلاتا ہے؟

(A)مقطع (B)مطلع (C) حسن مطلع (D)زیب مطلع

(43)درج ذیل میں اسم مصغر کون ہے؟

(A)بازار (B)باغیچہ (C) پہاڑ (D)باغ

(44)درج ذیل میں اسم معرفہ کون ہے؟

(A) گنگا (B) ندی (C) پہاڑ (D)آدمی

(45)وہ نام جو کسی خوبی یا برائی کی بنا پر عوام کی طرف سے دیا جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

(A)خطاب (B)لقب (C) کنیت (D)تخلص

(46)'مرزا اسداللہ خاں غالبؔ' میں غالبؔ کیا ہے؟

(A)لقب (B)عرف (C) تخلص (D)خطاب

(47)ان میں سے کون سا لفظ مذکر ہے؟

(A)پرچم (B)جوگن (C) الجھن (D)جنگ

(48)'فکر' کی جمع کیا ہوگی؟

(A)فکیر (B)مفکر (C) فکرات (D)افکار

(49) ظلمت کی ضد کیا ہوگی؟

(A)تاریکی (B)روشنی (C) نور (D)اندھیرا

(50) کس لفظ کا معنی 'بچھو' ہوتا ہے؟

(A) اقرب (B) عقرب (C) قرب (D)اقربا

GROUP - B

سوال نمبر 1۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔ 8

(الف) علم (ب) ورزش (ج) تاج محل (د) دوستی (ہ) مہاتما گاندھی

سوال نمبر 2۔مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجیے۔ 4

جس کی گفتار میں نہیں ہے مزا سخن اس کا طعام باسی ہے

کیوں گردش مدام سے گھبرا نہ جائے دل انسان ہوں پیالہ وساغر نہیں ہوں میں

پہاڑ کاٹنے والے زمیں سے ہار گئے اسی زمین میں دریا سمائے ہیں کیا کیا

سوال نمبر 3۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سباق وسیاق کے حوالے سے کیجیے۔ 4

''ابتدا ہی سے طبیعت کچھ ایسی ہوئی کہ خلوت کا خواہاں اور جلوت سے گریزاں رہتا تھا۔
لوگ لڑکپن کا زمانہ کھیل کود میں بسر کرتے ہیں، مگر بارہ تیرہ برس کی عمر میں میرا یہ حال تھا
کہ کتاب لے کر کسی گوشہ میں جا بیٹھتا اور کوشش کرتا کہ لوگوں کی نظر سے اوجھل رہوں۔''

سوال نمبر 4۔ اپنے والد کو ایک خط لکھئے جس میں انہیں اپنے پسندیدہ استاد کی خوبیاں بتایئے۔ 5

سوال نمبر 5۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف پانچ کے مختصر جواب دیجیے۔ 2x5=10

(i) خلیل الرحمن اعظمی کے دو ہم عصروں کے نام بتایئے۔

(ii) ویدانت کا فلسفہ سوامی وویکانند نے کہاں اور کس شہر میں پیش کیا تھا؟

(iii) مٹی کا تیل دیکھ کر لوگ کیوں ناک بھوں چڑھاتے ہیں؟

(iv) وزیر آغا کا تعلق کن کن ادبی اصناف سے ہے؟

(v) مولانا ابوالکلام آزاد کے دو اخبارات کے نام بتائیں۔

(vi) قصیدے کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟

(vii) امیر علی مدرسی کے پیشے میں کیوں آئے تھے؟

(viii) راسخ عظیم آبادی نے کن کن شاعروں سے اصلاح لی؟

سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجیے۔ 3x5=15

(i) نظم ''گفتگو'' یا ''میرا سفر'' کا خلاصہ لکھئے؟

(ii) میر امن کی مشہور داستان ''باغ و بہار'' کا تعارف پیش کیجئے؟

(iii) نظم ''برق کلیسا'' کے ذریعہ شاعر ہمیں کیا بتانا چاہتا ہے؟

(iv) صنف مرثیہ کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیے؟

(v) ''نظم آوارہ'' میں رات کے جو مناظر بیان کئے گئے ہیں، انہیں اپنی زبان میں لکھئے۔

(vi) عطا کاکوی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

سوال نمبر 7۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص پیش کیجئے۔ 4

''شام کو میں نے امیر علی سے ابراہیم سقّہ کا ذکر کیا کہ کل مغرب بعد وہ مجھے اپنی شاعری

سنانے آ رہا ہے۔ امیر ہنس دیے۔ امیر علی کو شعر و شاعری سے کوئی شغف نہیں تھا۔ وہ ایک بسیار خور اور بسیار خواب انسان تھے۔ وہ مدرّسی کے پیشے میں بھی صرف اس لیے آئے تھے کہ اس میں محنت کم اور آرام زیادہ تھا۔ البتہ وہ ٹیوشن خوب کرتے تھے۔ دھون گاؤں کے لوگ کافی خوش حال تھے۔ تجارت اور زراعت ان کے اہم پیشے تھے۔ ابھی یہاں تعلیم کا چلن عام نہیں تھا۔ تاہم وہ پرائمری اسکول کی حد تک بچوں کو ضرور تعلیم دلواتے۔ چوتھی تک اسکول تھا۔ اسکولی تعلیم کے دوران بچوں کو ٹیوشن دلوانا یہاں کا عام رواج تھا۔''

یا

درج ذیل میں سے کسی ایک کہانی کا خلاصہ لکھئے۔

(الف) پرامس (ب) ابراہیم سقہ (ج) کوارنٹین